© rasailojaraid.com



متفقہ امور و نکات 'ربط و ترتیب کے ساتھ عملی نقطہ نظر سے بیان کیے گئے ہیں۔ جو بھی غلط نماز پڑھتا ہے 'اور ایسے لوگ کم نہیں ہیں 'اسے ضرور نماز درست کرنا چاہیے۔ لیکن معلوم کیسے ہو؟ اس کے لیے 'یہ کتاب پڑھیے۔

اچھا ہوتا کہ بات واضح کرنے کے لیے تصویر نہ سہی شکلوں سے مدد لی جاتی۔ تجربہ کار مدرس سے اس کی توقع کی جا سکتی تھی۔ (م – س)

ماہنامہ THE VOICE OF ISLAM 'مدیر: پروفیسر عبدالقدیر سلیم اور دیگر۔ جمعیت الفلاح 'اکبر روڈ 'صدر کراچی ۷۴۴۰۰۔ صفحات: ۶۲۔ قیمت: فی پرچہ ۲۰ روپے 'زرسالانہ: ۱۰۰ روپے۔

بین الاقوامی معیار کا زیر نظر انگریزی مجلہ جمعیت الفلاح کراچی ۴۴ سال سے شائع کر رہی ہے۔ اس کے مدیروں کے سلسلۃ الذہب میں پروفیسر خورشید احمد اور ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری جیسے نامی گرامی افراد شامل رہے ہیں۔ گذشتہ نصف صدی میں اس نے کئی اہم میدانوں میں قیمتی خدمت انجام دی ہے۔ کچھ تعطل کے بعد اب پھر اجرا ہوا ہے۔ زیر نظر شمارے میں کئی قیمتی مقالات شامل ہیں۔ خالد اسحاق نے عالم اسلام کو درپیش چیلنج کے عنوان سے کرپشن اور بیرونی امداد کے تعلق اور سیکولرازم اور آمریت پر گفتگو کرتے ہوئے اتحاد امت کی ضرورت اور مسلم اہل دانش کی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر محمد رفیع الدین (اسلام اور عالمی امن) 'ڈاکٹر ایس ایم قریشی (مغرب سے تنازع کی بنیادیں) 'ڈاکٹر سید احسان اللہ (جینیاتی انجینیری اور شریعت) اور پروفیسر مسعود عباس ملک (بلیک مارکیٹ میں بلیک منی) کے اہم مقالے اس رسالے کو نہایت وقیع اور قابل مطالعہ بناتے ہیں۔ انگریزی پڑھنے والوں کے لیے یہ عصری مسائل کی اسلامی تفہیم کے راستے کھولتا ہے۔ اس کی باقاعدگی سے اشاعت جمعیت الفلاح جیسے ادارے کے مقاصد کے حصول میں (جس کے بانیوں میں مولوی تمیز الدین اور ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی جیسے نام ہیں) اہم کردار ادا کرے گی۔ (م – س)

Key to al-Baqarah 'خرم مراد۔ ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن لسٹر۔ ملنے کا پتہ: بک پروموٹرز 'مرکز ایف۔ سیون 'اسلام آباد۔ صفحات: ۳۶۔ قیمت: درج نہیں۔

مدیر ترجمان بغرض علاج برطانیہ میں مقیم ہیں۔ اس کا ایک ثمر قرآن پاک کی طویل ترین سورت کی زیر نظر ۳۶ صفحات کی کلید کی صورت میں سامنے آیا ہے۔ یہ اپنی خوبصورت پیشکش سے نظر کو خوش کر دیتا ہے اور مطالعہ پر قرآن کے خزانوں میں سے اس پہلے خزانے ( Treasures of

© rasailojaraid.com